پریس ریلیز

گوجرانوالہ 21 جنوری 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل کے اعزاز میں سابق نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر سٹین لیس سٹیل اتحاد گروپ کے صدر عرفان یعقوب بٹ نے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا۔اس موقع پر چیئرمین اتحاد گروپ خواجہ حماد رمضان، سابق صدر گوجرانوالہ چیمبر ملک ظہیر الحق، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل کے علاوہ سٹین لیس سٹیل اتحاد گروپ سے کثیر تعداد میں کاروباری لوگوں نے شرکت کی۔اس موقع پر سٹین لیس سٹیل اتحاد گروپ کے صدر عرفان یعقوب بٹ نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ امپورٹ بند ہونے سے بے شمار کاروبار ٹھپ ہو گئے ہیں۔لوگ پریشان بیٹھے ہیں گوجرانوالہ چیمبر اپنی سربراہی میں احتجاج کرے کیونکہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس ہماری مدر انسٹیٹیوٹ ہے ہم تمام امپورٹ متاثرین گوجرانوالہ چیمبر کے ساتھ کھڑے ہیں۔

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت جوملکی کاروباری صورتحال ہے اس حوالے سے ہماری بیشمار میٹنگز صوبائی و وفاقی وزراء اور گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان ہو چکی ہیں تمام میٹنگز میں گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کا موقف انتہائی مضبوط طریقہ سے پیش کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ جب تک بزنس کمیونٹی کے مسائل حل نہیں ہوجاتے ہیں ان مسائل کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔احتجاج کرنا پڑا احتجاج بھی کریں گے۔انہوں نے کہا کہ سیکریٹری کامرس نے ہمیں یقین دلایا کہ اگلے ویک کراچی میں میٹنگ رکھی جارہی ہے جس میں گوجرانوالہ چیمبر کو بھی مدعو کیا جائے گا انہوں نے یقین دلایا کہ اس میٹنگ میں کافی حد تک مسائل حل ہوجائیں گے۔